PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

پشاور نے قومی انڈر 13 کرکٹ ٹورنامنٹ جیت لیا

- فائنل میں کراچی کو 40 رنز سے شکست کا سامنا

لاہور 19 فروری، 2024

پشاور نے قومی انڈر 13 کرکٹ ٹورنامنٹ جیت لیا۔ پیر کے روز بورانوالی گراؤنڈ فیصل آباد میں کھیلے گئے فائنل میں پشاور نے کراچی کو 40 رنز سے شکست دیدی۔

پشاور نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 30 اوورز میں 7 وکٹوں کے نقصان پر 165 رنز بنائے۔

مرسلین خان نے آؤٹ ہوئے بغیر 51 رنز اسکور کیے جس میں تین چوکے شامل تھے۔ فاروق اکبر نے دو چوکوں اور ایک چھکے کی مدد سے 33 رنز اور محمد سعد نے 32 رنز بنائے۔

کراچی کی طرف سے حسن احمد نے 23 رنز دے کر 3 وکٹیں حاصل کیں۔

کراچی کی ٹیم جواب میں 125 رنز بناکر آؤٹ ہوگئی۔ فیصل قربان چھ چوکوں کی مدد سے 38 رنز بناکر ٹاپ اسکورر رہے۔

ثناء اللہ نے عمدہ بولنگ کرتے ہوئے 17 رنز دے کر 4 وکٹیں حاصل کیں۔ ہمدان فیصل نے 15 رنز کے عوض 3 کھلاڑی آؤٹ کیے۔